کمپیوٹر کلاس ۱۴۴۶ھ کی

کارگزاری اورعزائم

الحمدللہ! کمپیوٹر کلاس کا دسواں سال بخیروخوبی اختتام پذیر ہوا۔

حسب سابق امسال بھی طلبہ کو داخلہ کے وقت 500 روپے جمع کرانے پابند کیا گیا تھا اور بلا وجہ غیر حاضری پر رقم واپس نہ ملنے کا انتباہ دیا گیا تھا۔ الحمدللہ، تمام طلبہ نے رقم جمع کرائی اور حاضری کی پابندی کی ہے، لہٰذا انعامی جلسے میں رقم (بشکل نقد یا ٹرافی) واپس کی جارہی ہے۔

طلبہ کے والد یا تعلیمی سرپرست کا واٹساپ نمبر لے کر ہر ہفتہ تعلیمی رپورٹ بھی بھیجی گئی اور کمپیوٹر کلاس کی ویب سائٹ www.computerclass1444.us پر بھی اپلوڈ کی گئی۔

امسال اِن پیج کی لرننگ ویڈیوز بنا کر اسے بھی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا گیا ہے۔ نیز متعدد پی ڈی ایف کتابوں کو ویب سائٹ پر جگہ دی گئی ہے۔

امسال طلبہ نے اردو ٹائپنگ کی اچھی محنت کی ہے۔ بیس سے زائد طلبہ اچھی طرح اردو ٹائپنگ سیکھ چکے ہیں۔ اردو ٹائپنگ مکمل کرنے کے بعد مضمون نگاری کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے طلبہ نے مفردات اور متعدد اسماء کی مشق شروع کی ہے۔ یہ سلسلہ آگے بڑھے گا اور مفردات، پھر مرکبات، پھر چھوٹے جملے، پھر بڑے جملے، پھر فصیح جملے، پھر چھوٹے مضامین، لطائف، کہانیاں، واقعات، ترغیب وترہیب کے مضامین اور کم از کم تین صفحات پر مضمون سے لے کر بیس پچیس صفحات پر مشتمل مضمون ذہن سے سوچ کر براہِ راست کی بورڈ کے ذریعے کمپیوٹر پر ٹائپ کرنے کی مشق کی جائے گی۔

علاوہ ازیں ایم یس آفس اور کورل ڈرا کے اسباق بھی ہوئے اور چند طلبہ نے اس میں بھی مہارت پیدا کی ہے۔

اردو ٹائپنگ کورس مکمل ہونے کے بعد چند طلبہ نے اپنے اساتذۂ کرام کی ہدایات کے مطابق درسی کتب کی تسہیل کا کچھ کام کیا ہے۔ چونکہ ابھی یہ کام نامکمل ہیں، اس لئے تکمیل کے بعد ان کا ذکرِ خیر کیا جائے گا۔

امسال کمپیوٹر کلاس کے طلبہ کے لئے مطالعۂ کتب کو بھی لازم کیا گیا تھا اور کتابیں مستعار بھی دی جاتی تھیں۔ تاہم چند ہی طلبہ نے اس سہولت سے استفادہ کر کے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا ہے۔

آئندہ سال کے عزائم میں ہے کہ انشاء اللہ مطالعۂ کتب کے لزوم میں بہتری لائی جائے گی۔ مطالعہ کی اقسام بنا کر طلبہ کو ان کی صلاحیت کے اعتبار سے الگ الگ مطالعہ پر لگایا جائے گا۔

کمپیوٹر کلاس کے تمام طلبہ کو لازماً خوش نویسی سیکھنے لگانا بھی امسال ممکن نہ ہوسکا، انشاء اللہ آئندہ سال اس پر توجہ دی جائے گی۔

یم یس ورڈ اور کورل ڈرا کے لرننگ ویڈیوز امسال نہ بنائے جاسکے۔ انشاء اللہ آئندہ سال اس پر محنت کی جائے گی۔

جو قدیم طلبہ آئندہ سال کمپیوٹر کلاس میں شریک رہنا چاہتے ہیں وہ ابھی آئندہ سال کے لئے 500 روپے جمع کرا کر اپنا کمپیوٹر نمبر رجسٹرڈ کرا دیں۔ بصورتِ دیگر ’’پہلے آو پہلے پاؤ‘‘ کے اصول پر آئندہ سال نئے طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا اور نشستیں بھر جانے کے بعد شرکت کی خواہش ظاہر کرنے والے طلبہ کو موقع نہیں مل سکے گا۔

اللہ تعالیٰ ہمارے علم وعمل میں ترقی عطا فرمائے۔

طلبہ کو دیے گئے انعامات